ROLL NUMBER

Version No.

1	2	0	2	1

اردو(لازمی) ایس ایس سی -I

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

Answer Sheet No. ____________

کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

ہر سوال کے سامنے دیے گئے ،کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	
1.	’غزل‘ کس زبان کا لفظ ہے؟	عربی	اطالوی	یونانی	لاطینی				
2.	”پتاپتابوٹابوٹاحال ہماراجانے ہے“ اس مصرعے میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟	تکرار	تضاد	تلمیح	مبالغہ				
3.	حرفِ تاسف کی نشاندہی کریں:	اگر	حیف	واہ	مثل				
4.	جملہ فعلیہ کا مسند الیہ ہوتا ہے:	فعل تام	فاعل	مفعول	فعل ناقص				
5.	متضاد الفاظ کی جوڑی شناخت کریں:	قدیم-پرانا	جدید-نیا	قدیم-جدید	جدت-نیاپن				
6.	مخمس کے ہر بند میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے:	تین	چار	پانچ	چھے				
7.	”حسن طلب“ کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے؟	مرثیہ	مثنوی	ہجو	قصیدہ				
8.	تلمیح ایک صنعت ہے:	غیر ادبی	ظاہری	لفظی	معنوی				
9.	شعر میں موجود ہو بہو دہرائے جانے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟	ردیف	قافیہ	مصرع	بند				
10.	علم بیان کی رُو سے ”مشبہ“ سے کیا مراد ہے؟	جس سے تشبیہ دی جائے	جسے تشبیہ دی جائے	مشترک خوبی	جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے				
11.	لاحقہ ”خواہ“ سے بننے والا درست لفظ ہے:	دم خواہ	درد خواہ	خاطر خواہ	افسوس خواہ				
12.	”جب تک“ کس کی مثال ہے؟	حروف عطف	حروف جار	حروف اضافت	حروف شرط				
13.	حقیقی تذکیر و تانیث کے لحاظ سے جنس کی کتنی اقسام ہیں؟	دو	تین	چار	پانچ				
14.	”چاند سے باتیں کرنا“ قواعد کی رُو سے اس میں _____ غلطی ہے۔	مرکب کی	محاورے کی	حرف کی	ضرب المثل کی				
15.	شعر کی ایک سطر کو کیا کہتے ہیں؟	شعر	قافیہ	مصرع	ردیف				

——1SA-I 26002 (D) ——

12

اُردو(لازمی) ایس ایس سی - I

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

حصہ دوئم (کُل نمبر 34)

سوال نمبر ۲: حصہ نثر **(8x2 = 16)**

الف۔ **درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب اپنے الفاظ میں لکھیں:**

وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جُھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

گرمی ہو یا جاڑا، دھوپ ہو یا سایہ، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اسے کبھی یہ خیال نہ آیا کہ میں بہت کام کرتا ہوں یا میرا کام دوسروں سے بہتر ہے۔ اسی لیے اسے اپنے کام پر فخر یا غرور نہ تھا۔ وہ یہ باتیں جانتا ہی نہ تھا۔ اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا۔ وہ سب کو اچھا سمجھتا اور سب سے محبت کرتا تھا۔ وہ غریبوں کی مدد کرتا، وقت پر کام آتا، آدمیوں، جان وروں، پودوں کی خدمت کرتا، لیکن اسے یہ کبھی احساس نہ ہوا کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ نیکی اسی وقت تک نیکی ہے، جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ جہاں اس نے یہ سمجھنا شروع کیا، نیکی نیکی نہیں رہتی۔

سوالات:

(i) نام دیو کا مزاج کیسا تھا؟

(ii) نام دیو ہر ایک سے کس طرح ملتا تھا؟

(iii) نام دیو کا کام کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

(iv) نیکی کب تک نیکی رہتی ہے؟ عبارت کی روشنی میں وضاحت کریں۔

(v) نام دیو کو اپنے کام پر فخر یا غرور کیوں نہ تھا؟

(vi) نیکی کب نیکی نہیں رہتی؟ وضاحت کریں۔

(vii) نام دیو کو کس بات کا کبھی احساس نہ ہوا؟

(viii) عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ **یا** دی گئی عبارت کی تلخیص کریں۔

ب: حصہ شعر: **(5x2 = 10)**

درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں:

(i)
تلاش اس کو نہ کر بتوں میں، وہ ہے بدلتی ہوئی رُتوں میں
جو دن کو رات اور رات کو دن بنا رہا ہے، وہی خدا ہے

(ii)
مشقت کی ذلت جنھوں نے اُٹھائی
جہاں میں ملی اُن کو آخر بڑائی

(iii)
وہاں جو لوگ کھلاڑی ہیں وہ یہاں شاعر
یہاں جو صدر نشیں ہے وہاں ہے امپائر

(iv)
میری ساری عمر میں
ایک ہی کمی ہے تو

(v)
طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

سوالات:

(i) شاعر نے اللہ تعالیٰ (عَزَّوَجَلَّ) کی قدرت کو کس طرح بیان کیا ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) جہاں میں بڑائی کیسے حاصل کی جا سکتی ہے؟ (بحوالہ شعر ii)

(iii) مشاعرے کا صدر نشیں میچ کے کس عہدے کے برابر ہوتا ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

(iv) شاعر کے مطابق ان کی زندگی میں کیا کمی ہے؟ (بحوالہ شعر iv)

(v) "طبل و علم" اور "ملک و مال" کی وضاحت اپنے الفاظ میں کریں۔ (بحوالہ شعر v) **یا** پانچویں شعر کا مفہوم واضح کریں۔

ج: حصہ قواعد:

درج ذیل کے جواب تحریر کریں: (4x2 = 8)

(i) صنعتِ تلمیح کی مختصر وضاحت کریں نیز ایک شعری مثال دیں۔

(ii) مطلع سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال بھی دیں۔

(iii) "بچے شرارتی ہیں" اس جملے کی نحوی شناخت کریں اور اجزائے ترکیبی بھی بتائیں۔

(iv) ایک شعری مثال سے کوئی سے دو ارکانِ تشبیہ کی وضاحت کریں۔ یا ایک شعری مثال سے کوئی سے دو ارکانِ استعارہ کی وضاحت کریں۔

حصہ سوئم (کُل نمبر 26)

سوال نمبر ۳: درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی تشریح کریں: (5)

دفتر میں جب کبھی اس کا کوئی ساتھی کسی معاملے میں اس کی رہ نمائی کا جویا ہوتا تو اپنی برتری کے احساس سے اس کی آنکھیں چمک اُٹھتیں۔ جب کبھی کسی ساتھی کی ترقی کی خبر سنتا۔ آرزوئیں اس کے سینے میں ہیجان پیدا کر دیتیں۔ افسر کی ایک ایک نگاہِ لطف و کرم کا نشہ اسے آٹھ آٹھ دن رہتا۔

جب تک اس کی بیوی بچے نہیں آئے وہ اپنے خیالوں میں مگن رہا۔ نہ دوستوں سے ملتا نہ کھیل تماشوں میں حصہ لیتا۔ رات کو جلد ہی ہوٹل سے کھانا کھا کر گھر آجاتا اور سونے سے پہلے گھنٹوں عجیب عجیب خیالی دنیاؤں میں رہتا، مگر ان کے آنے کی دیر تھی کہ نہ تو وہ فراغت ہی رہی اور نہ وہ سکون ہی ملا۔ ایک بار پھر گرہستی کے فکروں نے اسے ایسا گھیر لیا کہ مستقبل کی یہ سہانی تصویریں رفتہ رفتہ دُھندلی پڑ گئیں۔

یا

وہ شخص درحقیقت غلام نہیں ہے جس کو ایک خدا ناترس نے جو اس کا ظالم آقا کہلایا جاتا ہے خرید لیا ہے۔ یا ایک ظالم اور خود مختار بادشاہ یا گورنمنٹ کی رعیت ہے بلکہ درحقیقت وہ شخص اصلی غلام ہے جو بداخلاقی، خود غرضی، جہالت اور شرارت کا مطیع اور اپنی خود غرضی کی غلامی میں مبتلا اور قومی ہمدردی سے بے پرواہ ہے۔ وہ قومیں جو اس طرح دل میں غلام ہیں وہ بیرونی زوروں سے، یعنی عمدہ گورنمنٹ یا عمدہ قومی انتظام سے آزاد نہیں ہو سکتیں جب تک کہ غلامی کی یہ دلی حالت دور نہ ہو۔

سوال نمبر ۴: درج ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں: (5)

پھوٹا جو سینہ شبِ تارِ الست سے
اُس نورِ اولیں کا اُجالا تم ہی تو ہو
جلتے ہیں جبرائیل کے پر جس مقام پر
اُس کی حقیقتوں کے شناسا تم ہی تو ہو
سب کچھ تمھارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تم ہی تو ہو

یا

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر
خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو
سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر
مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

سوال نمبر ۵: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں: (5)

جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم
سو اس عہد کو اب وفا کر چلے
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی
کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

یا

باغباں تیری عنایت کا بھرم کیوں کھلتا
ایک بھی پھول جو گلشن میں ہمارا ہوتا
تم پہ اسرارِ فنا ، رازِ بقا کھل جاتے
تم نے ایک بار تو یزداں کو پکارا ہوتا

سوال نمبر ۶: "ایک پرانی کرسی" کی آپ بیتی تحریر کریں۔ (6)

یا

"ایک یادگار دن" کی یادداشت تحریر کریں۔

سوال نمبر ۷: "محنت کی عظمت" کے موضوع پر استاد شاگرد کے مابین مکالمہ تحریر کریں۔ (5)